کا انجام کچھ بھی ہو ، پاکستان میں جہاد کی غرض سے تیار کیے جانے والے نوجوانوں کی غیر معمولی تعداد بھارتی دفاع کو نقصان پہنچا سکتی ہے ۔ پاکستان میں کوئی ۶۔لاکھ طلبہ آٹھ ہزار دینی مدرسوں میں زیر تعلیم ہیں ، ان کے لئے وہاں پر رہائش کا انتظام بھی ہے ۔ ان مدرسوں کی ایک تہائی تعداد بندوق بردار عسکریت پسند ہے ۔ اخبار نے لکھا ہے کہ اگر پاکستان کی اسلام پسند جماعتوں کا اتحاد ملی یکجہتی کونسل کی شکل میں کامیاب ہوگیا تو اسے اڑھائی لاکھ ایسے نوجوانوں کی خدمات حاصل ہوجائیں گی جو دین اسلام کی خاطر وطن پر جان قربان کرنے سے دریغ نہیں کریں گے ۔ اخبار نے نوجوانوں کے لئے تیار کئے گئے بعض تربیتی مراکز کا بھی ذکر کیا ہے ۔

قرآن مجید کا روسی زبان میں ترجمہ

قرآن مجید کا پہلی بار روسی زبان میں بھی ترجمہ شائع ہوگیا ہے ۔ یہ ترجمہ ایک شامی عالم نے اپنی روسی بیوی کی مدد سے کیا ہے ۔ اخبار عرب نیوز کے مطابق اس سے قبل عیسائی پادری دو مرتبہ روسی زبان میں قرآن پاک کا ترجمہ کرچکے ہیں ۔ ان میں پہلا ترجمہ ۱۹۰۷ اور دوسرا ۱۹۶۶ میں شائع کیا گیا تھا ۔ شامی عالم ڈاکٹر محمد سعید الرشید نے قرآن پاک کے روسی زبان میں ترجمہ کا کام ۱۹۷۵ء میں شروع کیا تھا جب وہ انجینئرنگ کی تعلیم حاصل کرنے ماسکو گئے تھے جہاں انہوں نے ایک روسی لڑکی سے شادی کرلی ۔ فلیریا ماسکو یونیورسٹی میں ٹیچر تھی ، انہوں نے اسلام قبول کرلیا اور اپنا نام فاطمہ رکھا ۔ ترجمہ کی پہلی جلد ۱۹۹۲ء دوسری ۱۹۹۳ء اور اب تیسری جلد بھی شائع ہوگئی ہے ۔

امریکہ میں مسلمان

امریکی سفارتی اطلاعاتی ادارے ایس آئی ایس کے ایک پریس ریلیز کے مطابق امریکہ میں مسلمانوں کی مردم شماری کا اندازہ ۵۰ سے ۸۰ لاکھ کے درمیان ہے ۔ ۲۵ کروڑ کے اس ملک میں گویا ہر تیسواں مسلمان ہے ، جو بہت اہم بات ہے ۔ آج سے چند برس قبل مسلمانوں کی یہ تعداد اس کے نصف تھی ۔ بیرون ممالک خاص طور پر عرب ممالک سے مسلمانوں کی امریکہ آبادکاری کے علاوہ مقامی طور پر بھی مسلمانوں کی آبادی بڑھ رہی ہے اور ہر سال اوسطاً ۵ ہزار امریکی شہری اسلام قبول کرتے ہیں جن میں سے ۴ ہزار افریقی نسل کے اور ایک ہزار گورے ہوتے ہیں ۔

اکیسویں صدی میں روس اسلام کے سائے میں آجائے گا

ماسکو میں مسلم آبادی میں بڑی تیزی سے اضافہ ہورہا ہے اور تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق روس میں آباد دو کروڑ مسلمان آئندہ ۲۰ برس میں چار کروڑ ہوجائیں گے ۔ روسی روزنامے